**2111E764** Candidate's Seat No :________

**M.A Sem-3 Examination**
**502**
**Urdu**
**Time : 2-30 Hours]** **November-2024** **[Max. Marks : 70**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال : ۱ اُردو میں خطوط نگاری کے آغاز اور اس کی نشو نما کا مفصّل جائزہ لیجیے۔ ۱۴

(یا)

اُردو ادب میں مکتوب نگاری کے فن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال : ۲ ''مرزا غالب کے خطوط اُردو میں سنگِ میل کا درجہ رکھتے ہیں۔'' مدلّل بیان کیجئے۔ ۱۴

(یا)

مولانا الطاف حسین حالی کی مکتوب نگاری کا جائزہ لیجئے۔

سوال : ۳ مولانا ابو الکلام کی مکتوب نگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

(یا)

قرۃ العین حیدر کی مکتوب نگاری پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کنہیں دو (۲) عنوان پر لکھیے۔ ۱۴

(۱) اردو کا اوّلین خطوط نگار خواجہ غلام غوث بیخبرؔ

(۲) پریم چند کی مکتوب نگاری

(۳) صفیہ اختر کی مکتوب نگاری

(۴) مولانا علامہ راشد الخیری: مکتوب کے آئینے میں

سوال :۵ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) ۱۹ویں صدی میں برطانوی حکومت کے کن دو اقدام سے خطوط نگاری کے فن کو فروغ ملا؟

(۲) نظیر اکبر آبادی نے خطوط نویسی کے حوالے سے کس نام سے کتاب لکھی؟

(۳) اردو زبان میں مکتوب نگاری کو بہ طور صنف ادب متعارف کرانے میں اولیت کا اعزاز کسے حاصل ہے؟

(۴) مولانا ابو الکلام آزاد نے اپنے خطوط کس کے نام لکھے ہیں؟

(P.T.O.)

E764-2



(۵) البتہ حالیؔ، سرسید، مولانا محمد علی اور رشید احمد صدیقی جیسے ہیں ویسے ہی اپنے خطوط میں ظاہر ہوتے ہیں۔"
یہ کس ادیب نے کہا ہے؟

(۶) "نقوشِ زنداں" کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(۷) کس مغربی ادیب کو خطوط نگاری کا "باوا آدم" کہا جاتا ہے؟

(۸) کس ادیب کے خطوط" عزیز کے نام "سے شائع ہوئے ہیں؟

(۹) "زندگی اپنی راہیں خود بنا لیتی ہے۔ خط اپنی باتیں خود پیدا کر لیتا ہے۔" یہ کس نے کہا؟

(۱۰) "آپ بیتی اور جگ بیتی کا سنگم ہر خط میں نظر آتا ہے۔" صفیہ اختر کے متعلق یہ بات کس نے کہی؟

(۱۱) "خط لکھیں گے گرچہ مطلب کچھ نہیں" یہ کس کا مصرع ہے؟

(۱۲) خواجہ غلام غوث بے خبرؔ کے بقیہ رقعہ جات و نثر و نظم کا مجموعہ کس نام سے منظرِ عام پر آیا؟

---پایان شد---